BRITISH COLUMBIA

والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے معلومات

# مصنوعی ذہانت کے بارے میں سب کچھ

## ہر کوئی مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) کی بات کیوں کر رہا ہے؟

مصنوعی ذہانت، یاAI ، مزید طورہماری روزمرہ کی زندگی کا ایک باقاعدہ حصہ بنتا جا رہا ہے، جس کی وجہ سے بہت سے کام آسان اور تیز تر ہوتے جا رہے ہیں۔ اگر آپ کو اس بارے میں تجسس رہا ہے کہ AI کیا ہے، تو اس بارے میں آپ اکیلے نہیں ہیں۔ AI کو ایک کمپیوٹر پروگرام کے طور پر سوچیں جو اس کے پاس پہلے سے موجود معلومات سے سیکھتا ہے اور اس معلومات کو مسائل کو حل کرنے اور مواد بنانے کے لیے استعمال کرتا ہے۔ جس طرح ہم اپنے تجربات سے سیکھتے ہیں، اسی طرح AI اسے دی گئی معلومات اور اس سے پوچھے گئے سوالات (یا اشاروں) سے سیکھتا ہے۔

آپ اپنے فون کے وائس اسسٹنٹ جیسی چیزوں میں AI سے سامنا کرتے ہیں، جوکہ سوالات کے جواب دے سکتا ہے یا یاد دہانیاں سیٹ کر سکتا ہے۔ AI ان تجاویز کے پیچھے کام کرتی ہے جو آپ کو اسٹریمنگ سروسز پر ملتی ہیں، ان شوز کی تجویز کرتے ہوئے جو شائد آپ کو پسند آئیں۔ AI ویب سائٹس پر چیٹ بوٹس میں اور تخلیقی AIٹولز پر بھی کام کرتی ہے، جو تحریری، آڈیو یا بصری مواد تخلیق کرتے ہیں۔

## کیا AI میرے بچے کی تعلیم کو متاثر کرے گا؟

جیسا کہ AI زیادہ عام ہوتا جا رہا ہے، آپ کے ذہن میں سوالات ہوسکتے ہیں کہ AI آپ کے بچے کو اسکول کے اندر اور اسکول کے باہرکیسے متاثر کرے گا۔ AI آپ کے بچے کے کلاس روم میں استعمال ہو بھی سکتا ہے اور نہیں بھی۔ ٹیکنالوجی میں تبدیلیوں کے بارے میں متجسس (یا غیر یقینی) ہونے میں کوئی ہرج نہیں ہے۔ ان تبدیلیوں کے بارے میں سوالات پوچھنا اس لیے بھی ضروری ہے تاکہ آپ اور آپ کے بچے کو یہ سمجھنے میں مدد ملے کہ سیکھنے پر ان کا کیا اثر پڑ سکتا ہے۔ اچھی خبر یہ ہے کہ آج BC کے کلاس رومز میں جو ہنر سکھائے جا رہے ہیں وہ تمام طلباء کو ایسے ٹولز کے ساتھ تیار کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں، جن کی انہیں آج اور مستقبل دونوں میں ترقی کے لیے ضرورت ہے، جہاں AI سے متعلقہ مہارتیں بہت سی ملازمتوں میں اہم ہو سکتی ہیں۔

جیسے جیسے ٹیکنالوجی میں تبدیلی آتی ہے، طلباء کو چاہیے کہ خود کو برقرار رکھنے کے لیے ہنر سیکھیں۔ BC نصاب طلباء کو وہ قابلیت اور ڈیجیٹل مہارتیں سیکھنے میں مدد کرتا ہے جس کی انہیں آج کی دنیا کے لیے ضرورت ہے۔ BC کا نصاب بنیادی اہلیتیں (Core Competencies)بھی سکھاتا ہے، جو کہ آپ کے بچے کے لیے ٹیکنالوجی کو محفوظ اور ذمہ داری سے استعمال کرنے کو یقینی بنانے کے لیے درکارسوچ، ذاتی اور سماجی مہارتیں ہیں۔ آپ کا بچہ آج جو کچھ سیکھتا ہے وہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ اس کے پاس مستقبل کے لیے مہارتیں ہوں، جیسے ڈیجیٹل خواندگی، تنقیدی سوچ، اور مسئلہ حل کرنے کی قابلیت۔

## جاننے کے لیے AI کی اصطلاحات:

- **الگورتھمز** کمپیوٹر کے لیے ایک نسخہ کی طرح ہیں۔ وہ کمپیوٹرز کے لیے مرحلہ وار گائیڈ فراہم کرتے ہیں، جو انہیں یہ بتاتے ہیں کہ کسی مسئلے کو حل کرنے یا کسی کام کو مکمل کرنے کے لیے ہوبہو طور پرکیا کرنا ہے۔
- **مصنوعی ذہانت (AI)** ایک ڈیجیٹل ٹول ہے جو ڈیٹا کو سیکھنے، مسائل حل کرنے اور فیصلے کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے — ایسی چیزیں جو عام طور پر صرف انسان ہی کر سکتے ہیں۔
- **AI میں تعصب** تب ہوتا ہے جب کمپیوٹر غلط یا غیر منصفانہ انتخاب کرتا ہے کیونکہ اس نے نامکمل ڈیٹا سے سیکھا ہے۔ یہ ایک گیم کھیلنے کے طریقے کو سیکھنے کی طرح ہے، لیکن صرف چند اصولوں کے ساتھ ۔
- **ڈیٹا کی رازداری (پرائویسی)** کا مطلب، ہےآپ کی ذاتی معلومات کو دوسروں سے آن لائن محفوظ رکھنا، جن کو یہ نہیں دیکھنی چاہیے۔
- **ڈیجیٹل خواندگی** ٹیکنالوجی اور انٹرنیٹ کو سمجھداری سے استعمال کرنے کی صلاحیت ہے۔ اس میں آن لائن معلومات تک رسائی، سمجھنے، جائزہ لینے اور شیئر کرنے کی مہارتیں شامل ہیں۔
- **جنریٹو AI** ٹیکنالوجی پر مبنی ایک ٹول ہے جو آزادانہ انداز میں، اپنے طور مواد تخلیق کر سکتا ہے، جیسا کہ تحریر یا آرٹ۔

**والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے معلومات**

## اسکول میں AI کے بارے میں میرا بچہ کیا سیکھ سکے گا؟

اسکول میں، آپ کا بچہ ڈیجیٹل خواندگی، ڈیجیٹل ٹولز، اور ٹیکنالوجی کو محفوظ طریقے سے اور ذمہ داری سے استعمال کرنے کے بارے میں سیکھے گا۔

آج کی دنیا میں AI کو سمجھنا ضروری ہے۔ اس سیکھنے کے انداز کا آپ کے بچے کے ساتھ اشتراک کرنے کے لیے، اساتذہ کے مختلف طریقے ہوں گے۔ زیادہ تر سیکھنے کا احاطہ نصاب کے دو حصوں میں کیا جاتا ہے: کیرئیر ایجوکیشن اور اپلائیڈ ڈیزائن، ہنر، اور ٹیکنالوجی۔ ان مضامین میں، آپ کا بچہ اس بات کو یقینی بنانا سیکھے گا کہ وہ جو معلومات دریافت کرتا ہے، اور ان کا استعمال کرتا ہے، وہ قابل اعتماد ہیں۔ دوسرے مضامین بھی ہیں جو آپ کے بچے کی ڈیجیٹل مہارتوں کو بڑھا سکتے ہیں۔ آپ کا بچہ اس بارے میں سیکھ سکتا ہے کہ ڈیجیٹل ٹولز کیسے کام کرتے ہیں، کمپیوٹر کیسے فیصلے کرتے ہیں، اور کس طرح انصاف، رازداری، اور اخلاقیات جیسے مسائل آن لائن تحفظ کا حصہ ہیں۔ AI کے بارے میں سیکھنے سے طلباء کو باخبر انتخاب کرنے میں مدد مل سکتی ہے کہ وہ AIٹولز کا استعمال کب کرنا چاہیں، یا کب نہ کرنا چاہیں۔

## کیا میرے بچے کے اسکول میں AI ٹولز استعمال کیے جائیں گے؟

آیا آپ کے بچے کے اسکول میں AIٹولز کا استعمال کیا جائے گا یا نہیں، یہ ایک کلاس روم سے دوسرے کلاس روم میں مختلف ہوگا۔ کچھ اساتذہ سیکھنے میں مدد کے لیے مختلف طریقوں سے AI ٹولز استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے بچے میں معذوری یا متنوع صلاحیت ہے، تو یہ فیصلہ کیا جا سکتا ہے کہ ان کی مدد کے لیے AI ٹول استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ کو تجسس ہے کہ آپ کے بچے کے کلاس روم میں AI ٹولز کیسے اور کب استعمال ہوتے ہیں، تو مزید معلومات کے لیے اپنے بچے کے استاد یا پرنسپل سے پوچھیں۔

جب اسائنمنٹس کی بات آتی ہے، تو ہو سکتا ہے کہ کچھ اساتذہ طلباء کو مخصوص کاموں کے لیے AI ٹولز استعمال کرنے کی اجازت دیں۔ تاہم، طلباء کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے کام میں AI ٹولز کا استعمال کرنے سے پہلے اپنے اساتذہ سے اجازت اور رہنمائی طلب کریں۔ جس طرح ایک کیلکولیٹر ریاضی میں ایک مددگار ٹول ہو سکتا ہے، اسی طرح AI کچھ کلاس رومز میں استعمال ہونے والا ایک اور قسم کا ٹول ہو سکتا ہے۔

## میں گھر میں ٹیکنالوجی کے محفوظ اور ذمہ دارانہ استعمال کی حوصلہ افزائی کیسے کر سکتی/ سکتا ہوں؟

بالکل کسی دوسرے ڈیجیٹل ٹول کی طرح AIمیں ایسے عناصر ہیں، جن کے بارے میں والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کو معلوم ہونا چاہیے۔ رازداری اہم ہے—
اور یہ جاننا کہ AI ذاتی ڈیٹا کا استعمال کیسے کرتا ہے، اسے کہاں رکھا جاتا ہے، اور کون اسے دیکھتا ہے، آپ کی رازداری کی حفاظت کا بہترین طریقہ ہے۔ بعض اوقات، AI متعصب، غیر منصفانہ اور غلط ہو سکتا ہے۔ اس سے آگاہ ہونا ضروری ہے تاکہ آپ اسے پہچان سکیں اور اپنے بچے کو بھی پہچاننے میں مدد کر سکیں۔

اپنے بچے کی ڈیجیٹل خواندگی کی مہارتوں کو بڑھانا بھی اہم ہے۔ جب کہ اساتذہ اسکول میں ان میں سے کچھ سیکھنے کے مواقع فراہم کریں گے، اگر آپ کا بچہ ڈیجیٹل ٹولز استعمال کر رہا ہے، تو انہیں گھر پر بھی مضبوط بنانا اتنا ہی اہم ہے۔

## میرے بچے کی تعلیم کے لیے ڈیجیٹل خواندگی اہم کیوں ہے؟

ڈیجیٹل خواندگی صرف AI کے بارے میں جاننے سے متعلق نہیں بلکہ اس سے بہت آگے تک جاتی ہے؛ یہ تمام ٹیکنالوجی کو سمجھداری سے استعمال کرنے کے بارے میں ہے۔ اگر آپ کا بچہ ڈیجیٹل ٹولز استعمال کرتا ہے، تو اسے معلوم ہونا چاہیے کہ انٹرنیٹ پر سرچ کیسے کرنی ہے اور اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ وہ جو کچھ دریافت کرتا ہے وہ قابل بھروسہ ہے۔ انہیں معلومات کو محفوظ طریقے سے بنانے اور شیئر کرنے، اپنی ذاتی تفصیلات کی حفاظت کرنے، سوشل میڈیا کو سمجھداری سے استعمال کرنے، اور ذمہ داری سے بات چیت کرنے کے لیے بھی ڈیجیٹل خواندگی کی مہارتوں کی ضرورت ہوگی۔ ان مہارتوں کو ابھی سیکھنے سے آپ کے بچے کو آن لائن اور آف لائن دونوں طرح سے ہوشیار انتخاب کرنے میں مدد ملے گی۔

## میں گھر پر اپنے بچے کی تعلیم میں کیسے مدد کر سکتی/ سکتا ہوں؟

آپ گھر پر اپنے بچے کی ڈیجیٹل خواندگی کی مہارتیں تیار کر سکتے ہیں۔ تاکہ آپ،کا بچہ ڈیجیٹل ٹولز، جس میں ممکناً AIشامل ہو، محفوظ طریقے سے اور ذمہ داری کے ساتھ استعمال کر پائے۔ یہاں کچھ اہم مہارتیں ہیں جن سے متعلق آپ گھر پر اپنے بچے کی حوصلہ افزائی کرنا چاہینگی/ چاہینگے

- ذاتی معلومات (جیسے نام، عمر، اور پتہ) کو آن لائن نجی رکھنا
- انٹرنیٹ کو محفوظ طریقے سے استعمال کرنا اور ان ویب سائٹس سے گریز کرنا جن تک انہیں رسائی حاصل نہیں کرنی چاہیے
- آن لائن گھوٹالوں کو پہچاننا اور ان سے بچنا
- یہ جاننا کہ جب وہ آن لائن کوئی غیر محفوظ چیز دیکھیں تو کیا کرنا ہے
- کسی چیز کا آن لائن اشتراک کرنے سے پہلے ممکنہ اثرات کے بارے میں سوچنا
- وہ آن لائن کیا دیکھتے ہیں اس کے بارے میں احتیاط سے سوچنا اور یہ سمجھنا کہ AI تصاویر، ویڈیوز، آڈیو ریکارڈنگ اور الفاظ کو تبدیل کر سکتا ہے
- یہ جاننا کہ AI ٹولز غلطیاں کر سکتے ہیں یا متعصب، غیر منصفانہ اور غلط ہو سکتے ہیں
- یہ سمجھنا کہ دوسرے لوگوں کا کام بغیر اجازت کے استعمال کرنا (سرقہ) ٹھیک نہیں ہے
- کہ اگر انھوں نے اپنے اسکول کے کام کے لیے AI ٹولز کا استعمال کیا تو مطلع کرنا کہ انھوں نے معلومات کہاں سے حاصل کیں

## ہم سے رابطہ کریں

studentlearningbranch@gov.bc.ca

Digital Literacy and the Use of AI in Education